پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ
14/12/2021

مویشی صحت خدمات کے توسیع کے لیے 89.33 لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ: 14/ دسمبر 2021

اتر پردیش حکومت نے ریاست میں مویشی طبی خدمات نیز مویشی صحت کی مستحکم کاری کے لیے مویشی صحت خدمات کی تفصیل (ضلع اسکیم) کے تحت 89.33 لاکھ روپئے کی رقم رواں مالیاتی سال میں منظور کی ہے۔ یہ رقم ضلع اوریا، مئو، مرزاپور، امیٹھی، علی گڑھ، بھدوہی نیز ہردوئی کے لیے منظور کی گئی ہے۔

اس ضمن میں محکمہ مویشی پروری کے ذریعہ حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔ حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ اضلاع کے چیف مویشی طبی افسران کے ذریعہ منظور رقم کی نکاسی اور خرچ منظور اسکیموں اور مدوں میں اسکیم کے لیے مقررہ گائیڈ لائن پر عمل کو یقینی بناتے ہوئے کیا جائے۔

☆☆☆☆☆